ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

سندھ پولیس کے قیام کے 176ویں سال کے حوالے سے تقریب کا انعقاد۔

کراچی 02 مئی 2019ء:۔

سندھ پولیس کے قیام کے 176ویں سال کے حوالے سے پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساؤتھ میں ایک یادگاری تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع سندھ پولیس میوزیم کا بھی افتتاح کیا گیا جس میں سال 1860ء سے لیکر ابتک کے سندھ پولیس کے مختلف ہتھیار/اسلحہ بشمول اس زمانے میں پولیس کے زیر استعمال تلواریں،بیجز وغیرہ ودیگر نادر اشیاء کو محفوظ کیا گیا ہے۔اس پروقار تقریب میں 15 سابقہ آئی جیز سمیت 55 حاضر سروس سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے تقریب سے خطاب کے دوران بتایا سندھ پولیس اسوقت کے برٹش انڈیا میں قائم کی جانیوالی پہلی فورس تھی۔جسکا سنگ بنیاد سر چارلس جیمس نیپئر نے رکھا تھا۔یہ ذیلی براعظم میں پولیسنگ کا ایک نیا دور تھا اور یہ اسوقت کی سب سے بڑی فورس تھی۔آئی جی سندھ نے سندھ پولیس میوزیم کے لیئے پولیس کی تاریخ کی کھوج اور اسے میوزیم کا حصہ بنانے جیسے اقدامات کی تعریف کی اور سراہتے ہوئے ان تمام آئی جیز اور دیگر پولیس افسران وجوانوں کا بھی پرزور الفاظ میں شکریہ ادا کیا جنھوں نے سندھ پولیس میوزیم کے حوالے سے جملہ امور میں سعود مرزا کا ساتھ دیا اور ان سے بھرپور تعاون کیا۔

ان کا کہنا تھا کہ آج پولیس کے قیام کے 176ویں سال کی مناسبت سے پاکستان بھر میں سندھ پولیس کا دور ایک طویل عرصے پر محیط ہے۔انہوں نے کہا سندھ پولیس تقریباً ایک لاکھ پچاس ہزار افسران اور جوانوں پر مشتمل ہے۔صوبے میں امن وامان کی صورتحال پر کنٹرول اور جرائم میں کمی کے ضمن میں سندھ پولیس نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کئی برس گزارنے کے بعد فورس نے اب ایک کمیونٹی کی شکل اختیار کرلی ہے جہاں کمیونٹی پولیسنگ اب سندھ میں پولیسنگ کے لیئے دل کی مانند ہے۔انہوں نے کہا کہ میں یہاں سندھ پولیس کے ان افسران اور جوانوں کی قربانیوں کی بھی یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جنھوں نے فرض کی پکار پر لبیک کہتے ہوئے عوام کے جان ومال کے تحفظ کی خاطر اپنی قیمتی جانیں تک قربان کردیں۔

تقریب کے مہمان خصوصی سابق آئی جی سید کمال شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نے خیبر پختونخواہ پولیس کے ساتھ بیس سال جبکہ سندھ پولیس میں ساڑھے تین سال گزارے لیکن سندھ پولیس کو خیبر پختونخواہ پولیس سے بہتر پایا۔انہوں نے کہا سندھ پولیس کی فرائض سے لگن جانفشانی اور جذبہ ان کی سب سے بہترین کوالٹی ہے۔اس موقع پر انہوں نے سندھ پولیس میوزیم کو ایک اثاثہ قرار دیا اور اس قیام کے حوالے سے اٹھائے گئے جملہ اقدامات کی تعریف کی اور سراہا۔

سابق آئی جی سعود مرزا نے اپنے خطاب میں کہا کہ یکم مئی کو سندھ پولیس کے قیام کے 176ویں سال کے حوالے سے منعقدہ اس تقریب میں شرکت میرے لیئے باعث اعزاز ہے۔انہوں نے اس موقع پر سندھ پولیس کے قیام کے حوالے سے برٹش انڈیا،اسکے سربراہان،اسٹیشن وغیرہ کا تاریخ اور سالوں پر محیط تفصیلی احاطہ کیا اور شرکاء کو سیر حاصل معلومات سے مستفید کیا۔

تقریب سے استقبالیہ خطاب میں ڈی آئی جی ساؤتھ شرجیل کھرل کا کہنا تھا کہ 176 سالوں میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ سندھ پولیس کے قیام اور اسکی تاریخ کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ سال 1843ء میں اس فورس کو سند (Scinde) کے نام سے جانا جاتا تھا۔انہوں نے اس موقع پر سندھ پولیس کی تاریخ اور سندھ پولیس میوزیم میں موجود تاریخی اشیاء/اسلحہ ودیگر تفصیلات کا بھی احاطہ کیا۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔